© rasailojaraid.com

سرمایۂ ادب کا ایک قابلِ قدر شاہکار ہے، اللہ تعالیٰ مولانا عبد الماجد دریا بادی کے قلمِ ندرت رقم کی عمر دراز کرے اور وہ اس کتاب کے باقی حصے بھی جلد از جلد شائع کرسکیں۔

اردو عربی ڈکشنری

از مولانا ابو الفضل عبد الحفیظ بلیاوی۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۸۰۰ صفحات، کتابت وطباعت اعلیٰ۔ قیمت مجلد ۱۶؁ پتہ: صغیر احمد صاحب دار العلوم ندوۃ العلماء بادشاہ باغ لکھنؤ۔

اردو میں عربی اردو لغات تو متعدد ہیں۔ لیکن ایسا کوئی قابلِ ذکر لغت موجود نہیں ہے جو اردو سے عربی میں ہو۔ حالانکہ عربی زبان کے معلم اور متعلم دونوں کو اور اردو سے عربی میں ترجمہ کا کام کرنے والوں کو قدم قدم پر ایسے لغت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ خوشی کی بات ہے کہ اس اہم ضرورت کی تکمیل کی طرف مولانا عبد الحفیظ صاحب بلیاوی نے توجہ فرمائی جو اس کام کے لئے جیسا کہ ان کی کتاب مصباح اللغات سے ظاہر ہے۔ ہر طرح موزوں ومناسب تھے۔ فاضل مرتب نے صرف قدیم عربی کے الفاظ پر اکتفا نہیں کیا ہے۔ بلکہ جدید علمی وفنی مصطلحات جو اردو زبان میں رائج ہیں ان کے لئے بھی جدید عربی کے الفاظ لکھے ہیں۔ اس طرح یہ کتاب قدیم وجدید دونوں طرز کے معلمین ومتعلمین اور مترجمین کے لئے بڑی کارآمد اور مفید ثابت ہوگی شروع میں عربی میں تذکیر وتانیث کے چند متداول احکام اور اس کے بعد عربی زبان میں مختلف چیزوں کے لئے مستعمل کنیتوں کی ایک فہرست دی ہے امید ہے کہ اربابِ ذوق اور اصحابِ ضرورت دونوں اس کی قدر کریں گے اور اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

کتاب التوحید

مترجم مولانا ابو عبد اللہ محمد بن یوسف السوزی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۴۴ صفحات، کتابت وطباعت بہتر قیمت درج نہیں پتہ: کارخانہ تجارت کتب آرام باغ۔ فریر روڈ۔ کراچی۔

شیخ محمد بن عبد الوہاب النجدی نے توحید، اس کی حقیقت، اس کے حدود اور اس کے بالمقابل شرک کی تعریف اور اس کے انواع واقسام پر ایک رسالہ لکھا تھا جو اہلِ علم کے طبقہ میں

© rasailojaraid.com